2008
خالد روحانی جنتری
حبب و تسخیر نمبر
2008
کواکب و بروج 2008
تقویم سیارگان 2008
ایڈیٹر خالد اسحاق راشد

اور ینگھوسوڑ ولگ گیا

بانڈ نمبرز 2008

داخلہ کواکب فی البروج

رجعت و استقامت کواکب

شرف و ہبوط کواکب

ماہانہ قمری حالتیں　　گرہن

کواکب در بروج 2008

بروج کواکب سے منسوب پیشے

تیز رفتار کواکب اور آپ کا زائچہ

شرف و ہبوط کواکب کے احکام والواح

نظرات کواکب کے احکام الواح و تشریح

مکمل نظرات کواکب

کواکبی نظرات برائے عملیاتی مقاصد

سالانہ حالات 2008 (علم نجوم کی روشنی میں)

استخراج طالع اور زائچہ

درست ترین سیانہ (یونانی) تسویۃ البیوت

سالانہ حالات 2008 (علم الاعداد کی روشنی میں)

تقویم سیارگان 2008

افسونِ قمر　　ایک خاص عملیاتی تحفہ

قیمت 125 روپے

حُب و تسخیر کے مجرب اعمال

اعمال حب و تسخیر

ایڈیٹر خالد اسحاق راٹھور

ملازم حسین

حُب و تسخیر کے مجرب اعمال

عجیب تصوراتی عملِ تسخیر

اگر آپ اپنی مرضی کے مطابق تمام معاملات کا حل چاہتے ہیں تو اس کی صورت میں اس ترکیب کو آزمائیں۔ انشاء اللہ العزیز آپ کا کوئی بھی کام آپ کی مرضی کے خلاف نہ ہوگا۔

عمل مبارک:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

ترکیب:

نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ روزانہ 500 مرتبہ اکیس روز تک بلاناغہ پڑھیں۔ عمل کے شروع اور آخر میں درود پاک (کوئی سا) گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

معاملات:

اگر شادی بیاہ یا دیگر کسی معاملہ میں طرفین کو راضی کرنا ہو۔ ملازمت حاصل کرنی ہو، مقدمہ جیتنا ہو یا اُمراء، حکماء اور وزراء سے کام کروانا ہو کسی دوست یا مخالف کو مسخر کرنا ہو یا کسی دشمن کو زیر زبر کرنا ہو، اُسے اپنے سامنے بیٹھا ہوا تصور کریں۔ تصور کامل ہو۔ اُس کے چہرے اور قلب پر پھونک دیں۔ یہ طریقہ دن اور رات میں جب چاہیں اور جتنی دفعہ چاہیں کریں اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اس میں ہلچل پیدا ہوگی۔ گھبراہٹ کے مارے آپ سے جلد از جلد ملاقات کرے گا۔ اگر بہت دور ہے۔ یعنی طالب اور مطلوب کے درمیان اسلام آباد اور لاہور جتنا فاصلہ ہے اور دوری کی وجہ سے جلد نہیں آ سکتا تو اُس کا کوئی خط یا پیغام ضرور آئے گا یا پھر ہر صورت آپ سے ملاقات ضرور کرے گا۔ اور آپ کے حق میں اس طرح مسخر ہوگا کہ اس کا ایک ایک قدم آپ کی مرضی کے مطابق اُٹھے گا۔

یہ انتہا سریع الاثر عمل ہے کہ اس کا وار کبھی کسی بھی صورت میں خالی نہ جائے گا۔

خصوصی ہدایات:

1- پہلے اس عمل کو مقررہ تعداد کے مطابق اکیس روز تک پڑھنا ہے یہ اس عمل کی زکوٰۃ ہے۔
2- اکیس روز تک روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی ضروری ہے۔
3- دوران عمل بڑے گوشت اور قربت سے پرہیز کریں۔
4- خواتین اس عمل کو مخصوص ایام میں ہرگز نہ پڑھیں۔ اگر درمیان میں ناغہ ہو جائے تو ناغہ کے دن بعد میں پورے کر لیں۔
5- اگر تصور قائم نہ ہو سکے تو پھر مطلوب کی تصویر سامنے رکھیں۔

برائے حُب خاص الخاص

اَھیا اشراھیا اذونی و صابُوونی وَاَھل شیدائی بحق کھیعص و حم عسق و طٰہٰ ویٰسین اِنّی اَحْبَبْتُ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَیْرِ اَنْ ذِکْرِ رَبِّی حَتّٰی طواوت بِالْحِجَابِ سوختم دلِ و جان فلاں بنت فلاں در محبت فلاں بن فلاں بحق محبت یوسفؑ و زلیخا و بحق کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

عزیمت:

دو ۴ ۱ ۷ ۷ ۱ ۱ اعلٰے العمد العمد العمد العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الحب فلاں بنت فلاں علی حُب فلاں بن فلاں۔

ترکیب:

اس عزیمت کو ایک کاغذ پر تحریر کریں نام طالب و مطلوب معہ والدہ لکھیں۔ اس کاغذ کی بتی بنا کر اُوپر سرخ سُوتی کپڑا لپیٹیں۔ خوشبودار تیل میں بھگو کر مطلوب کے گھر کی طرف رُخ کر کے جلائیں اور پاس بیٹھ کر مندرجہ بالا عمل 41 مرتبہ پڑھیں۔ پڑھتے وقت تصور کامل ہو۔ جیسے ہی بتی جلنا شروع ہو۔ پڑھائی شروع کر دیں اور بتی کے جل کر ختم ہونے سے پہلے پہلے پڑھائی کی مطلوبہ تعداد مکمل کر لیں۔ بے شک بتی کے لیے کاغذ تھوڑا سا بڑا ہو۔ تاکہ پڑھائی ختم ہونے تک جلتا رہے اگر پڑھائی پہلے ختم ہو جائے اور بتی باقی ہو تو خاموشی سے بتی ختم ہونے تک پاس بیٹھے رہیں اور مقصد کا تصور رکھیں۔ یہ عمل مسلسل سات یوم تک کریں۔ روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی ضروری ہے۔ نوچندی جمعرات یا اتوار سے شروع کریں۔

انشاء اللہ سات روز کے بعد آپ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوں گے۔

برائے حُب مُجرب المجرب (سفلی)

لونگا لونگا لونگ سپاری لونگا باندھی پُورب ساری
اِک لونگ بھوراتی ماتی دُوجی لونگ دکھاوے چھاتی
تیجی لونگ کھڑی کو لاوے چوتھی لونگ سُستی گل لاوے
لونگ تُوں لقمان جی چڑھ دیکھاں اُوچی ماڑی چھنک لوواں اوبڑے
تن دی ماڑی لا الہ الیس الا اللہ ملکیس محمد رسول اللہ
فلاں بنت فلاں کو میرے بغیر اک گھڑی آرام نہ دیئیں بحق یا بدوح

ترکیب:

بعد نماز عشاء و برہنہ ہو کر پہلے اپنے اردگرد حصار کر لیں اس کے بعد قبلہ کی طرف پُشت کر کے بیٹھیں سامنے دہکتے ہوئے کوئلے رکھیں۔ کوئلوں پر خوشبودار بخور ڈال لیں۔ سات عدد لونگ لیں۔ ہر لونگ پر تصور کامل مندرجہ بالا عمل 7 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور آگ میں ڈال دیں۔ اسی طرح سات لونگ دم کر کے جلائیں۔ روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی ضروری ہے۔ انشاء اللہ سات یوم کے اندر ہی جانی دشمن بھی غلام بے دام بن جائے گا۔ دوران عمل ہر قسم کے گوشت اور جماع سے پرہیز کریں۔ یہ عمل ناجائز یا بطور آزمائش قطعی نہ کریں۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

برائے حُب

سب سے پہلے اس نقش کو لکھ لیں۔ نقش کی چال مربع آتشی ہے۔ اس نقش کو لکھنے کے لیے کوئی خاص وقت مقررہ نہیں ہے۔ لیکن اگر اس عمل کو نوچندی جمعرات یا شرف قمر کے موقع پر کیا جائے تو یہ بات نفع سے خالی نہ ہو گی۔

اس کے بعد اپنے ہاتھ اور پاؤں کے ناخن اُتار لیں تعویذ اور ناخنوں کو جلا لیں اور ان کی راکھ کو محفوظ کر لیں۔ اور یہ راکھ مطلوب کو کسی چیز میں کھلا دیں۔ نقش مکرم یہ ہے:۔

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

الحب فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے حُب

جبرائیل میکائیل

اجب یا جبرائیل یا وردائیل یا رقتمائیل
یا تنکائیل سلطعائیل بحق یا بدوح یا بدوح
یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح
یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح
یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح
یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

اسرافیل عزرائیل

درج بالا دو عدد نقش لکھیں۔ اس کے بعد مرغ کا پوٹا لیں جس کے اندر سے نیلی جلد نہ اتری ہو تعویذ کو اس کے اندر بند کر کے نو عدد سوئیاں یا کانٹے بین اس کے آر پار گزار دیں۔ پھر اس نقش کو مطلوب کے گھر یا اس کی گزرگاہ میں دفن کر دیں۔ دوسرے تعویذ کو پیک کر کے اپنے پاس رکھ لیں۔ یاد رہے یہ نقش صرف کاغذ پر لکھا جائے گا۔ اس میں سوئیاں وغیرہ نہیں ڈالنی ہیں۔

تصوراتی عمل حُب

اس عمل کے لیے کوئی خاص دن یا مہینہ مقررہ نہیں ہے۔ سورج غروب ہونے سے آدھا گھنٹہ قبل اس عمل کو شروع کریں۔ کمرہ پُرسکون ہو۔ کپڑے

آرام دہ ہوں۔ دوزانو ہو کر اطمینان سے بیٹھ جائیں۔ مطلوب کا نام ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے سامنے رکھیں اور اس پر نظر جمائیں۔ اگر محبوب کی تصویر آپ کے پاس ہے تو وہ سامنے رکھیں تصویر پر عمل کا اثر بہت جلد اور تیز ہوتا ہے۔ اگر تصویر نہیں ہے پھر نام ہی کافی ہے۔ اگر موقع ایسا ہے کہ نام بھی معلوم نہیں تو صرف مطلوب کا تصور کریں۔ یعنی اس کی صورت کا نقشہ تصور میں رکھیں۔

بعض مواقع ایسے ہوتے ہیں کہ مطلوب کو دیکھا بھی نہیں ہے۔ تو صرف تصور کریں، اطمینان سے دوزانو ہو کر بیٹھ جائیں۔ نام یا تصویر سامنے رکھیں یا صرف تصور رکھیں، اب ایک لمبی سانس اندر کھینچیں اور تصور کریں کہ مطلوب میری سانس کے ساتھ کھنچ آیا ہے۔ اور میرے قلب میں چلا گیا ہے۔ اب سانس کو روکیں جس قدر قوت برداشت ہو۔ اب آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالیں۔ ایک دو چھوٹے چھوٹے سانس لے کر پھر ایک لمبی سانس اندر کھینچیں۔ تصور وہی رہے۔ اسی طرح عمل کو جاری رکھیں یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے۔ سورج غروب ہوتے پر عمل کو ختم کر دیں۔ روزانہ اس عمل کو مقررہ وقت پر کریں۔ ناغہ ہرگز نہ ہونے دیں۔ انشاء اللہ چند ہی روز میں مطلوب آتش محبت میں جل اٹھے گا۔ اس عمل میں کسی طرح کی پرہیز نہیں ہے۔ دوران عمل اپنا منہ مشرق کی طرف رکھیں۔

برائے حُب

یاجبرائیل یامیکائیل

یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ

یا بدوح یا بدوح یا بدوح

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ

یا بدوح یا بدوح یا بدوح

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

یااسرافیل یاعزرائیل

ترکیب:

عروج ماہ نوچندی جمعرات یا اتوار کو ساعت اول میں چار عدد نقش لکھیں۔

1- ایک نقش طالب کے گلے میں ڈال دیں۔
2- ایک نقش کو کسی وزنی چیز کے نیچے رکھ دیں۔
3- ایک نقش کسی پھل دار درخت کے ساتھ لٹکا دیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے۔
4- ایک نقش چلتے پانی کے کنارے گیلی جگہ پر دفن کر دیں۔

حُب کے لیے اس سے بہتر اور کوئی نقش نہیں ہو سکتا۔ حُب کے لیے چلتا جادو ہے۔

برائے حُب

حصہ اول	
طالب معہ والدہ کے اعداد	۵۱۵
متناطیس کے اعداد	۲۷۰
رگ کے اعداد	۲۲۰
جذب کے اعداد	۷۰۵
میزان	
۸۵۵=۲÷۱۷۱۰	
۸۵۲=۳-۸۵۵	

حصہ دوم	
مطلوب معہ والدہ کے اعداد	۱۲۰۰
رفد کے اعداد	۲۸۴
حدید کے اعداد	۲۶
مجذوب کے اعداد	۷۵۱
وودود کے اعداد	۲۰
میزان	۲۲۸۱
۱۱۴۰=۲÷۲۲۸۱	
بقایا ایک کسر خانہ ۱۳ میں آئے گی	

	کلیہ ۱۱۴۰-۴=۱۱۳۶		خانہ ۱ تا ۸ پُر کریں۔
	خانہ ۹ تا ۱۶ تک پُر کریں		

مثالی نقش اس طرح بنے گا۔

۸۵۹	۱۱۴۲	۱۱۳۶	۸۵۲
۱۱۳۵	۸۵۳	۸۵۸	۱۱۴۳
۸۵۴	۱۱۴۷	۱۱۴۰	۸۵۷
۱۱۴۱	۸۵۶	۸۵۵	۱۱۴۷

نقش تیار کرنے کے بعد اس کے نیچے یہ عزیمت لکھیں۔

أحرِقُوا القلب (مطلوب معه والده) بحقِّ هذا الاسماء و بِحقِّ يَا بلدوح يا بدوح يا بلدوح اَجمَعُوا بين الارواح والروح يَامَن جمع بين آدم و حوّا أُجمعُوا بين (طالب معه والده) بحقِّ هذا الاسماء.

ترکیب:

چار نقش عناصر اربع لکھیں۔

1- آتشی نقش کو اپنے پاس رکھیں۔
2- بادی نقش کو درخت پر لٹکا دیں۔
3- آبی نقش کو دریا میں بہا دیں۔
4- خاکی نقش کو زمین میں دفن کر دیں۔

برائے حُب

ترکیب زکوٰۃ:

نوچندی جمعرات سے روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ ۱۰۰ نقش اکیس یوم تک لکھیں۔ (نہ کہ نقش لکھیں اصلاح کی ضرورت نہیں) ۱۰۰ نقش کو علیحدہ علیحدہ آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا نہر میں ڈال دیں۔ اکیس یوم کے بعد ۱۰۰ کی بجائے ۱۱۱ نقوش تحریر کریں اور ایک نقش اپنے گلے یا بازو پر باندھ دیں۔ جب تک یہ نقش آپ کے پاس رہے گا۔ حُب کی تاثیر جاری رہے گی۔

ترکیب:

جن دو افراد کے درمیان محبّت (جائز) کرانی ہو۔ دو عدد نقش تحریر کریں ایک طالب کے بازو پر باندھ دیں۔ دوسرا کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں۔ پھر اس کی تاثیر دیکھیں۔ تین تا پانچ یوم میں دشمن بھی دوست ہو جائیں گے۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۶۸۷

بحق یاجبرائیل یا بدوح

۹۵۹	۹۶۲	۹۶۵	۹۵۱
۹۶۴	۹۵۲	۹۵۸	۹۶۳
۹۵۳	۹۶۷	۹۶۰	۹۵۷
۹۶۱	۹۵۶	۹۵۴	۹۶۶

بحق یامیکائیل بحق یا ودود

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

بحرمت ایں نقش بے قرار شود دیوانہ شود دیوانہ شود

حُب کا نایاب نقش

نوچندی جمعرات یا اتوار کو ساعت سعید میں لکھیں۔ مطلوب کے مزاج کے مطابق استعمال کریں۔ انشاء اللہ چند روز میں مطلوب دیوانہ ہو کر آئے گا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

یااسرائیل　　۷۸۶　　یاجبرائیل

۲۶۶۰	۲۶۵۵	۲۶۶۳
۲۶۶۲	۲۶۵۹	۲۶۵۷
۲۶۵۶	۲۶۶۴	۲۶۵۸

یاعزرائیل　　یامیکائیل

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

جلد از جلد حاضر کرو بحق ایں نقش العجل

العجل الوحا الوحا الساعۃ

برائے حُب

ترکیب:

نقش لکھ کر کسی وزن کے نیچے رکھیں یا طالب اپنے گلے یا بازو پر باندھے زکوۃ کی ترکیب یہ ہے۔ ۲۰ عدد نقوش روزانہ ۲۰ روز تک لکھ کر دریا یا نہر میں ڈال دیں، زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ اس کے بعد نقش کو عمل میں لائیں۔ قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ نقشہ کرم یہ ہے۔

جبرائیل — میکائیل

٣	١٢	٥
١٠	٦	٤
٧	٢	١١

عزرائیل — اسرافیل

برائے حُب

دو عدد نقش لکھیں۔ ایک نقش کسی وزن کے نیچے رکھیں ایک طالب کے بازو پر باندھ دیں۔ زکوۃ کی ترکیب یہ ہے۔ نوچندی جمعرات سے ۱۱۷ نقوش روزانہ گیارہ یوم تک لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا یا ندی میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ حُب کے لیے مجرب اور آزمودہ نقش ہے۔ نقش کرم یہ ہے۔

جبرائیل — میکائیل

٣٢	٢٥	٣٠
٢٧	٢٩	٣١
٢٨	٣٣	٢٦

عزرائیل — اسرافیل

برائے حُب

یَا مَلِیْکُ یَا مَلِیْشُ

٦٠	٣٣٧٣٦٢١١٣	١٣٣٧٣٦٢١١١	٧٦
١٣٣٧٣٦٢١١٢	٦٦	٦١	٣٣٧٣٦٢١١٣
٦٥	٣٣٧٣٦٢١٠٩	٣٣٧٣٦٢١١٦	٦٢
٣٣٧٣٦٢١١٥	٦٣	٦٤	٣٣٧٣٦٢١١٠

یَا مَلِیْکُ یَا مَلِیْشُ

ترکیب:

نوچندی جمعرات کو اکیس عدد نقش لکھیں۔ ایک نقش روزانہ وقت اور جگہ کی پابندی کا لحاظ رکھتے ہوئے مقررہ وقت میں چراغ میں جلائیں۔ نقش کی بتی بنالیں۔ اس کے اوپر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹ لیں۔ اگر مطلوب کا کپڑا نہ مل سکے تو روئی لپیٹ لیں۔ چراغ کا رُخ مطلوب کے گھر کی طرف ہو۔ جب تعویذ جلنا شروع ہو تو پاس بیٹھ کر یَا مَلِیْکُ یَا مَلِیْشُ تصور مطلوب پڑھتے رہیں۔ اسی طرح اس عمل کو اکیس یوم تک بلاناغہ کریں۔

انشاءاللہ 21 یوم کے اندر اندر مطلوب آپ کے قدموں میں آ کر گرے گا۔ یہ عمل ہمارا بارہا کا آزمودہ اور مجرب المجرب ہے۔

برائے حُب (تصوراتی عمل)

کہا جاتا ہے کہ عمل سے زیادہ تصور کی قوت ہوتی ہے۔ جب عمل اور تصور دونوں ملتے ہیں تو اس کا نتیجہ فی الفور سامنے آتا ہے۔ جن لوگوں کا تصور کامل ہوگا اُن کے لیے کامیابی یقینی بات ہوگی۔

نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء اس عمل کو شروع کرنا ہے۔ عمل یہ ہے۔

یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ

طالب و مطلوب مع مادر کے اعداد نکالیں۔ جو تعداد بنے اتنی ہی مرتبہ اس عمل کو پڑھنا ہے۔ عمل کے لیے کمرہ پُرسکون ہو۔ روشنی کم ہو۔ اگر بتی بھی سلگائیں۔ منہ بیت مطلوب کی طرف ہو۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اس عمل کو پڑھنا شروع کریں۔ جب تعداد دس پندرہ تک ہو جائے تو یہ تصور کریں کہ مطلوب اپنے کمرے میں پُرسکون نیند سو رہا

ہے۔(زبان نہ رُکے) کچھ دیر بعد یہ تصور کریں کہ عمل کا اثر مطلوب پر ہو رہا ہے اور وہ نیند میں بے چین ہو کر کروٹ بدل رہا ہے۔ کچھ دیر کے بعد بے چین ہو کر بیدار ہو جاتا ہے۔ جونہی جاگتا ہے اُسے آپ یاد آ جاتے ہیں۔ وہ تھوڑی دیر آپ کے متعلق سوچتا ہے۔ پھر سونے کی کوشش کرتا ہے مگر ناکام رہتا ہے۔ کروٹ بدل بدل کر سونے کی کوشش کرتا ہے۔ پھر بے قرار ہو کر اُٹھ بیٹھتا ہے۔ اور آپ کے متعلق سوچتا ہے۔ پھر اپنے آپ سے کہتا ہے کہ کل جاؤں گا۔ پھر سونے کی کوشش کرتا ہے۔ مگر پھر اُس کے سامنے آپ کی شکل آ جاتی ہے۔ پھر اُٹھ کر بیٹھ جاتا ہے۔ غرض اسی طرح تین چار بار تصور کریں پھر آخر میں یہ دیکھیں کہ آخر وہ آپ کی محبت میں بے چین و بے قرار ہو کر ننگے پاؤں اپنے کمرے سے نکل کر باہر آتا ہے (جس ذریعہ سے وہ آ سکتا ہے وہ تصور کریں) سائیکل موٹر سائیکل یا پیدل تیز بلکہ پوری رفتار سے وہ بھاگتا ہوا آپ کے گھر کی طرف روانہ ہوتا ہے۔ نہ لوگوں کی پرواہ کرتا ہے نہ ٹریفک کی۔ بس ایک ہی دُھن ہے کہ جلد از جلد آپ تک پہنچ جائے۔ اب تمام راستوں سے ہوتا ہوا آپ کے گھر، آپ کے کمرے میں آ جاتا ہے اور اپنا سر آپ کے قدموں میں رکھتا ہے۔ پھر آپ اپنا ہاتھ اُس کے سر پر رکھتے ہیں اور وہ خوش ہو کر سیدھا بیٹھ جاتا ہے۔

کچھ دیر بعد آپ ایک تیز دھار چاقو لے کر اُس کے دل کے مقام پر شگاف ڈالتے ہیں اور اُس کا دل نکال لیتے ہیں اور اُسی چاقو سے دل کے دو ٹکڑے کرتے ہیں۔ پھر ان دونوں ٹکڑوں کو پانی سے دھوئیں۔ دھوتے وقت یہ تصور کریں کہ اُس کے دل سے میری نفرت کدورت ختم ہوتی جا رہی ہے۔ پھر اپنے سینے میں دل کے مقام پر شگاف کر کے اپنا دل نکال لیں اور اُس کو اسی طرح اُس کے دونوں ٹکڑوں کے درمیان رکھ کر اچھے طریقے سے سی دیں۔ پھر اس دل کو مطلوب کے مقام پر فٹ کر دیں، پھر سینہ سی دیں۔ کچھ دیر بعد پھر سینہ چاک کریں اور دل نکالیں۔ چیریں دھوئیں اپنا دل رکھیں پھر واپس فٹ کر دیں۔ پھر سینہ چاک کریں دل نکالیں دو ٹکڑے کریں۔ دھوئیں اپنا دل درمیان میں رکھیں پھر فٹ کر دیں۔

تا اختتام عمل اس کو کریں۔ اُس کے گھر سے اپنے گھر تک کا تصور صرف ایک بار اور باقی دل پر جب تک کل عمل ختم نہ ہو کرتے رہیں۔

آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھ کر عمل کی کامیابی کی دعا کریں اور عمل کے مقام پر سو جائیں۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات مطلوب خواہ کتنا ہی سنگ دل ہوگا۔ فوراً بے قرار ہو کر اپنا سر قدموں میں رکھ دے گا۔ ورنہ تین یا سات دن میں تو ہر حال میں مطلب حل ہو جائے گا۔

برائے حُب

الحب فلاں بن فلاں علی حُب فلاں بن فلاں

ترکیب:

بروز جمعرات ساعت اول میں یہ نقش لکھو۔ نیچے فلاں بن فلاں کی جگہ نام لکھیں۔ اور بکری کا سالم دل لیں اور نقش کو دل کے اندر رکھیں۔ اب دیکھیں کہ مطلوب کا کونسا عنصر ہے۔ اس کے مطابق استعمال میں لائیں۔ مثلاً آتشی ہے تو آگ میں۔ خاکی ہے تو راستے میں۔ آبی ہے تو پانی کے کنارے میں دفن کریں۔ چند دنوں میں مطلوب حاضر ہو جاتا ہے۔ یہ حُب کا بہترین عمل ہے جو کہ ہزاروں اعمال پر بھاری ہے۔

نکتہ:

اگر کوئی لڑکی کسی لڑکے سے محبت کرتی ہو تو نقش کو بکرے کے دل میں رکھ کر عمل کریں۔

برائے حُب

نوچندی جمعرات کو بعد از نماز فجر ۴۱ عدد سیاہ مرچوں پر تین تین مرتبہ سورۃ زلزال (پارہ ۳۰) پڑھیں۔ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ کہیں۔

الحب فلاں بن فلاں علی حب و عشق و الفت فلاں بن فلاں العجل، الوحا، الیوم الساعۃ پڑھ کر دم کریں اور آگ میں ڈال دیں۔

اسی طرح اس عمل کو روزانہ وقت مقررہ پر تین روز تک کریں۔ انشاء اللہ تین روز کے اندر اندر مطلوب آپ کے قدموں میں گر کر عاجزی کرے گا۔ یہ عمل ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے۔

برائے حُب (مخصوص جگہ پر شادی کے لیے)

جو لوگ کسی مخصوص جگہ پر شادی کے خواہاں ہوں لیکن وہاں شادی ہونے کے آثار نظر نہ آ رہے ہوں یا لڑکی / لڑکے کے رشتوں کی بندش کر دی گئی ہو یا رشتے نہ آتے ہوں یا آ کر واپس چلے جاتے ہوں۔ باوجود کوشش کے کسی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو ایسی صورت میں اس ترکیب کو آزمائیں۔ انشاء اللہ آپ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوں گے۔

نوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء باطہارت پاکیزہ جگہ پر خلوت میں عمل کو ۳۱۳ مرتبہ بلا ناغہ پابندی وقت کے ساتھ ۲۱ یوم پڑھیں۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پہلے دن جہاں عمل کریں آخری دن تک وہ جگہ تبدیل نہ کریں۔ اگر بتی بھی سلگا لیا کریں۔

دوران عمل بدبودار اشیاء مثلاً کچا پیاز اور لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔

انشاء اللہ ۲۱ یوم کے بعد نتیجہ آپ کی مرضی کے مطابق نکلے گا۔ دوران عمل مطلوب کا تصور ضروری ہے۔ عمل مبارک یہ ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ مِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ ○ (سورہ یٰسین، آیت نمبر ۳۶)۔

نوٹ:

یہ عمل صرف مکمل پاکیزگی کی حالت میں کریں۔

برائے حُب (میاں بیوی کی ناراضگی ختم کرنے کے لیے)

میکائیل ۷۸۶ جبرائیل

۱۳	۲۰	۲۶	نام
۲۳	۲	۱۲	۲۲
۳	۳۰	۲۱	۱۰
۱۸	۸	۶	۲۸

عزرائیل اسرافیل

ترکیب:

مرد سے بیوی ناراض ہو تو مرد اپنے بائیں بازو پر باندھے اگر بیوی سے میاں ناراض ہو تو دائیں بازو پر باندھے۔ نقش کو عروج ماہ مشتری، زہرہ یا عطارد کی ساعت میں لکھیں۔

برائے حُب

لا الہ وانی الا اللہ مہرانی
محمد رسول اللہ حبیب ربانی
فلاں بن فلاں ہو ہم پر دیوانی
اگر نہ ہو تو دہائی یا محی الدین محبوب سبحانی

ترکیب:

یہ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ ۳۱۳ مرتبہ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ لیکن عمل کرنے سے قبل دو رکعت نفل نماز پڑھیں اور کسی میٹھی چیز پر نیاز بھی نکال کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔ 21 روز کا عمل ہے۔ انشاءاللہ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوں گے۔

برائے حب

ترکیب:

چاولوں پر 21 روز 1000 بار سورہ اخلاص معہ بسم اللہ کے پڑھیں اور رات کو وہ چاول منہ میں رکھ کر سو جائیں۔ جب کسی کو بھی ایک چاول کھلا دو گے۔ دیوانہ ہو گا۔ اگر کسی کو دینا ہو تو حب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں پڑھ کر دے دو، انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

برائے حب

یہ تعویذ انتہائی مجرب المجرب ہے۔ پتھر دل والا محبوب بھی موم ہو جاتا ہے۔ ترکیب اس طرح ہے کہ طالب اپنا جسم پاک صاف کر کے نہائے اور نہائے ہوئے پانی سے ایک بوتل پانی کی جمع کرے اور اس تعویذ کو ساعت مشتری یا زہرہ میں لکھ کر اس پانی میں ڈال دیں۔ وہ پانی اپنے محبوب کو پلائیں۔

۷۸۶

٣١٦٤٧٧	٣١٦٤٨٠	٣١٦٤٨٣	٣١٦٤٧٠
٣١٦٤٨٣	٣١٦٤٧١	٣١٦٤٧٦	٣١٦٤٨١
٣١٦٤٧٢	٣١٦٤٨٦	٣١٦٤٧٨	٣١٦٤٧٥
٣١٦٤٧٩	٣١٦٤٧٤	٣١٦٤٧٣	٣١٦٤٨٥

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

سورۂ لایلاف قریش (پارہ ۳۰) اکیس مرتبہ معہ بسم اللہ پڑھ کر اور کسی خوشبودار پھول پر پھونک کر مطلوب کو وہ پھول سونگھائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب کے دل میں جذبات محبت پیدا ہوں گے۔ حلال جگہ پر کام لیں۔

ایک مجرب عملِ محبت

حدیث پاک میں ہے کہ ایک فرشتہ خاص حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا جو اس سے قبل کبھی اس دنیا میں نہیں آیا تھا اور سورہ بقرہ کی آخری آیات ربنا لا تواخذنا تا آخر سورۃ تک حضورؐ کے سپرد کی اور عرض کیا کہ یہ وہ نعمت ہے کہ جو اس سے قبل کسی پیغمبر کو نہیں دی گئی۔ علمائے عاملین نے ان آیات مبارکہ کو کیمیا فرمایا ہے۔ اس کے عامل کے لیے ہر پتھر سونے کا اور ہر ریت کا ذرہ موتی بن جاتا ہے۔ آپ دل میں وسوسہ اور خطرہ پیدا نہ کریں۔ خدا کے مقدس کلام پر کامل اعتقاد رکھیں۔ کوئی چیز اس عمل کے اثر کو روک نہیں سکتی۔ ترکیب یہ ہے کہ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس عمل کو کریں۔ یعنی دو رکعت سنت فجر کی پڑھ کر یہ عمل کریں۔ بعد عمل فرض پڑھیں۔ ترکیب یہ ہے کہ بسم اللہ شریف پڑھ کر سورہ الحمد شریف پڑھیں۔ جب سورہ ختم کریں تو آمین کہہ کر ربنا لا تواخذنا شروع کر دیں۔ آخر سورۃ تک یہ ایک مرتبہ ہوا۔ اسی طرح ۴۰ مرتبہ پڑھیں۔ اگر کوئی محنت کرنے والا ہے تو اس عمل کو کرکے خود ہی معلوم ہو جائے گا کہ عملیات میں کیا اثر ہے اور خدا کے جلال والے کلام مقدس میں کیا حسنات و برکات ہیں؟ اگر کوئی خاص مقصد آپ کا ہو تو آپ اس خاص مقصد کے واسطے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

عمل محبت

حب کا مجرب چٹکلہ

یہ حب اور تسخیر کا مجرب اور بے خطا چٹکلہ ہے۔ بلی، کتا، گائے، بیل، گھوڑا اور کوئی جانور چرند پرند ہو یا کوئی آدمی۔ اس عمل سے محبت کرنے لگ جاتا ہے۔ آزمائش کر دیکھئے بے اثر نہ پاؤ گے۔ روٹی کا ٹکڑا یا کوئی اور شے اسی قسم کی ہو کو منہ میں رکھ کر چباؤ تاکہ لعاب دہن کا حصہ بن جائے اور خوب تر ہو جائے۔ اب یہ چبائی ہوئی شے محبوب کو کھلا دو۔ چار پانچ مرتبہ کھلانے سے یا زیادہ مرتبہ کھلانے سے اس کے دل میں محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ جانور بھی مطیع اور فرمانبردار بن جاتا ہے اور انسان کے دل میں بھی محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ آزمودہ عمل ہے۔

محبت کا مجرب نقش

ذیل میں دو نقوش ہیں۔ ان میں سے نمبر (۱) نقش لکھ کر اپنے پاس مناسب جگہ پر رکھیں اور دوسرا نقش مطلوب کو چائے، پانی یا شربت میں گھول کر پلا دیں۔ نقش صاف ہو جائے تو کاغذ پھینک دیں۔ جو عبارت نقش کے نیچے تحریر ہے وہ بھی لکھیں۔ نقش اول کے نیچے طالب اپنا نام لکھے اور نقش دوم کے نیچے مطلوب کا نام

لکھے۔ جائز جگہ پر کام لیں۔ اگر ایسی جگہ ہے کہ آپ کوئی چیز پلا نہیں سکتے تو اس عمل کو نہ کریں۔

دونوں نقوش یہ ہیں۔

(۱)

٧٨٦

١٥	٢١	٢٧	١
٢٥	٣	١٣	٢٣
٥	٣١	١٧	١١
١٩	٩	٧	٢٩

نام طالب بحکم کب اللہ

٧٨٦

١٥	٢١	٢٧	١
٢٥	٣	١٣	٢٣
٥	٣١	١٧	١١
١٩	٩	٧	٢٩

نام مطلوب، الّٰلھم حرکما حرکت ید داؤد علیہ السلام

نقش جمعرات یا جمعہ کو سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک لکھنا ہوگا۔ تاریخ کی کوئی قید نہیں ہے۔ نقش زعفران سے پُر کریں۔

عمل برائے حب

میاں بیوی عزیز و اقارب، دوست احباب غرض کہ جن دو ذاتوں میں کسی وجہ سے عداوت پیدا ہو جائے اور باہمی رنج و ملال ہو جائے تو یہ عمل بہت ہی سریع الاثر ثابت ہوا ہے۔

کسی خوشبودار پھول والے یا میوہ والے درخت کی ایسی لکڑی کاٹو جس میں دو شاخیں ہوں۔ عروج ماہ میں جمعرات کے دن سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک اس شاخ کو درخت سے کاٹو۔ بعد ازاں زعفران یا ہلدی پیس کر اور اس کی روشنائی بنا کر یہ دو نقوش لکھو۔ قلم لوہے کا نہ ہو۔ کسی لکڑی کا قلم بناؤ۔

نقش اول

١٨	١١	١٦
١٣	١٥	١٧
١٤	١٩	١٢

نقش دوم

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

نقش اول کے نیچے نام طالب معہ والدہ کے تحریر کرو۔ نقش دوم کے نیچے نام مطلوب معہ والدہ کا تحریر کرو۔ اگر والدہ کا نام معلوم نہ ہو تو صرف مطلوب کا نام تحریر کرو۔ اب قبلہ رو کھڑے ہو کر اس دو شاخہ لکڑی کو اپنے سامنے رکھو، دائیں طرف کی شاخ پر نقش اول باندھو (جس پر نام طالب لکھا ہے) اور بائیں طرف شاخ پر نقش دوم باندھو (جس پر مطلوب کا نام لکھا ہے) اور دونوں شاخوں کے درمیان سرخ دھاگہ باندھو اگر ریشم کا دھاگہ ہو تو بہتر ہے۔ ورنہ سرخ رنگ کا دھاگہ کافی ہے۔ اب اس شاخ کو زمین میں اس طرح گاڑو کہ بندھے ہوئے نقوش زمین سے کسی قدر اوپر رہیں۔ یعنی زمین میں دفن نہ ہوں اور پھر ایک گلاس پانی لے کر اور پھر اس پر تین مرتبہ سورہ اخلاص یعنی قل ھو اللہ شریف پڑھ کر اس کی جڑ میں ڈال دو۔ صرف لکڑی کاٹنے کا وقت مقرر ہے۔ باقی تعویذ لکھنے اور باندھنے کا کوئی وقت مقرر نہیں ہے۔ اس طرح روزانہ ایک گلاس پانی پر تین مرتبہ قل شریف پڑھ کر اس لکڑی کی جڑ میں ڈال دیا کرو۔ بحکم اللہ سات، چودہ یا اکیس دن میں مصالحت ہوگی۔ مجرب ہے۔

حُب کا خاص عمل

اگر دو شخصوں کے درمیان کشیدگی اور رنج ہے تو نیا چاند دیکھنے کے بعد جو پہلا اتوار آئے تو سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک پاکیزہ ہو کر سفال آب نا رسیدہ (یعنی مٹی کے برتن کا ایک ٹکڑا جس کو ابھی پانی نہ لگا ہو) پر لکھو اور چولہے میں اس قدر گہرا گاڑ دو کہ وہ گرم رہے۔ مگر آگ کا زیادہ اثر یعنی گرمی اسے زیادہ نہ پہنچے۔ دوسرے دن کل والے نقش کو نکال کر اس ٹھیکری کو علیحدہ زمین میں دفن کر دو اور دوسرا نقش دوسری ٹھیکری پر لکھ کر چولہے میں دفن کر دو۔ اس طرح آٹھ دن برابر یہ عمل کرو۔ بحکم اللہ دونوں میں محبت ہو جائے گی۔ چاہے کتنی ہی دشمنی ہو۔ مجرب ہے۔ پہلے دن اتوار کے دن عمل شروع کرو اور سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ پہلے تک یہ نقش لکھ کر چولہے میں دفن کر دو۔ دوسرے دن سے کوئی وقت کی قید نہیں۔ دن بھر میں کسی وقت ٹھیکرے پر لکھ کر چولہے میں دفن کر دیا کرو۔ اور گل

والے نقش کو زمین میں دفن کر دیا کرو۔ یہ خاص عمل ہے۔ جائز جگہ پر اس سے کام لو۔

بحق جبرائیل ٧٨٦ بحق میکائیل

١٥	١٢	٥	٨
۴	١٦	١۴	٣
١٠	۴	اسم مطلوب	بحق یا ودود
١	اسم طالب	١١	٢

بحق اسرافیل بحق عزرائیل

محبت کا بے خطا ٹوٹکہ

ایسے بادام کی تلاش میں رہو جس میں دو مغز ہوں۔ ایسے بادام نکل آتے ہیں جس میں دو مغز ہوتے ہیں۔ ان دو مغزوں کو احتیاط سے رکھو۔ نام مطلوب مع والدہ اور نام طالب مع والدہ کے اعداد الگ نکال کر رکھو۔ جس وقت نیا چاند دیکھو تو ایک مغز پر طالب کے اعداد اور ایک مغز پر مطلوب کے اعداد لکھو (جو پہلے سے مع والدہ کے آپ نے نکال رکھے ہیں۔) زعفران سے لکھو۔ قلم لوہے کا نہ ہو۔ اب دونوں مغزوں پر گیارہ مرتبہ سورہ یسین پڑھو۔ یسین شریف میں سات جگہ لفظ مبین آیا ہے۔ جب لفظ مبین پر پہنچو تو کہو الٰہی بحرمت یسین دعزت مبین فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں کی طرف پھیر دے۔ جب گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ یسین پڑھ چکو تو دونوں مغزوں کو اس طرح ملا دو کہ جس طرح بادام میں تھے۔ ریشمی دھاگے سے باندھ کر کسی میوہ دار درخت پر باندھ دو۔ درخت خواہ گھر میں یا باغ میں ہو۔ بادام باندھنے کے بعد اس درخت کے نیچے کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورہ یسین شریف اسی طرح پڑھو کہ جس طرح باداموں پر پڑھی تھی۔ بس عمل ختم ہوا۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن میں وہ شخص محبت کرنے لگے گا۔ بادام پر اعداد اس وقت لکھو جب چاند غروب نہ ہوا ہو۔ اگر چاند غروب ہو گیا تو پھر عمل بے کار جائے گا۔

عمل خاص و مجرب

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہے یا گم ہو گیا ہے تو یہ طریقہ بہت مجرب ہے۔ ترکیب غور سے سمجھئے اور وقت پر تجربہ کیجیے۔ ق س یہ حرف ہیں اور ان سے عمل تیار کیا جائے گا۔ جو بھاگ گیا ہے یا گم ہو گیا ہے۔ اس کا نام جدا جدا حرفوں میں لکھو۔ اب نام کا پہلا حرف لے کر اسے لکھو اور دائیں بائیں وہ دونوں حروف لکھ دو (ق س)۔ مثلاً کسی گم شدہ یا بھاگے ہوئے کا نام زید ہے تو اسے جدا جدا حرفوں میں لکھا (ز ی د)۔ اب نام کا پہلا حرف لکھ کر دونوں طرف دو حروف لکھ دو (ق س)۔ زید کی مثال یہ ہوئی (س ز ق س ی ق س د ق) اب تینوں حرفوں کو ملا لو 'سزق' سیق' سدق' اب یہ ایک تعویذ تیار ہو گیا ہے۔ اس تعویذ کو دس کاغذ کے پرزوں پر لکھو۔ ان میں سے بارہ تعویذ تو گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈال دو اور باقی کہ پیاز کے اندر رکھ کر یا کسی اور چیز میں رکھ کر چولہے میں اس طرح دبا دو کہ گرم رہے۔ بحکم اللہ تین دن میں وہ شخص راضی ہو جائے گا۔

محبت کا عجیب نقش

نوچندی جمعرات کو ذیل کا نقش مطلوب کے بدن کے کپڑے پر انار کے درخت کی شاخ کی قلم بنا کر لکھے اور یہ نقش اپنے ہاتھ پر باندھ کر مطلوب سے بات چیت کرے۔ وہ محبت کرے گا۔ نقش یہ ہے۔

ع دلو محبت علم طے غ نام طالب نام مطلوب

تسخیر

دنیا میں بے شمار اصحاب تسخیر اور حب کے متلاشی ہیں مگر تسخیر عنقا ہے۔ یہ عام شے نہیں۔ اگر تسخیر عام ہوتی تو دنیا نابود ہو جاتی۔ میں آپ کو مسخر کرتا اور آپ مجھے مسخر کرتے بس دنیا ختم ہو جاتی۔ عملیات محبت ہیں اور ضرور ہیں اور بحکم اللہ کامیابی بھی ہوتی ہے۔ ذیل کا عمل مجرب ہے۔ اگر آپ کسی جگہ پر جائز طریقے سے شادی کے خواہاں ہیں اور رنجش کی وجہ سے شادی نہیں ہوتی تو آپ یہ کام کریں کہ نر (بکرے) کی پوری آنت بازار سے خرید کر لائیں۔ اس آنت کو خوب پاک صاف کر کے اور پانی کو خشک کر کے اس پر عطر ملیں۔ اب نماز صبح سے دو گھنٹے قبل اٹھیں غسل کریں، پاک کپڑے پہن کر اس میں عطر بھی لگائیں اور تجر کی سنتیں پڑھیں۔ ایک آبخورہ یا مٹی کا کوئی چھوٹا سا برتن لے کر جائے رہی کے وہ آنت باندھیں۔ برتن مستعمل نہ ہو، بالکل نیا ہو جس کو پانی نہ لگا ہو۔ گھر سے باہر کسی کنوئیں پر جائیں۔ پہلے پانچ اعداد لا بنائے پھر ... دونوں کلاوہ اور ایک پان ثابت (جس

کی نوک اور جڑ دونوں ہوں) کو کو کنوئیں میں ڈال دیں اور بعد ازاں اس کنوئیں سے پانی بھریں۔ (اسی آنت کی رسی اور برتن سے) آنے جانے میں کسی سے بات نہ کریں۔ اگر کوئی بلائے تو مطلق جواب نہ دیں، چاہے وہ عزیز اور دوست ہی کیوں نہ ہو اور نہ پیچھے پھر کر دیکھیں۔ اگر کسی کو جواب دیا یا پیچھے پھر کر دیکھا تو نقصان ہے۔ اب گھر میں فجر کے فرض ادا کریں اور پھر سات سو مرتبہ صرف اللہ الصمد پڑھ کر اس پانی پر دم کریں۔ اول آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھتے وقت مطلوب کا تصور رہے۔ اب اس پانی کو دوسرے برتن میں حفاظت سے رکھیں۔ دوسرے دن پھر یہی عمل کریں۔ آنت اور وہ برتن پہلا ہی کافی ہے۔ ہاں پان وغیرہ دوسری بار بھی ڈالنا ہوگا۔ آج کے پانی کو بھی عمل پڑھ کر کل والے پانی میں ملا دیں۔ عمل ختم ہوا۔ اس پانی کے تین حصے کر لیں۔ ایک حصہ مطلوب کو پلا دیں۔ اگر پلا نہیں سکتے تو اس پانی میں ملا دیں کہ جس میں مطلوب اور اس کے گھر والے سب آدمی پانی پیتے ہیں۔ یا کم از کم اس کنوئیں میں ڈال دیں جس کنوئیں سے اس گھر میں پانی جاتا ہے۔ دوسرا حصہ جس طرح ممکن ہو مطلوب پر چھڑک دیں یا کسی سے چھڑکوا دیں۔ تیسرا حصہ مطلوب کے مکان کے چاروں طرف چھڑکوا دیں۔ اللہ چاہے تو اس شادی کی رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔ جو صاحب نماز نہیں پڑھتے وہ بغیر نماز کے یہ عمل کریں۔ مگر شرط یہ ہے کہ پانی لانا اس پر عمل کرنا طلوع آفتاب سے قبل ہو جائے۔ اگر آفتاب نکل آیا تو عمل جاتا رہے گا۔ غسل ہر روز کرنا ہوگا۔ لباس کی تبدیلی اور عطر ہر روز لگانے کی ضرورت نہیں۔ جو صاحب اس عمل کی تکمیل کر سکتے ہیں کریں اور جو نہ کر سکتے ہوں نہ کریں۔ اگر پانی کا وہ حصہ زیادہ ہو کہ جو مطلوب پر چھڑکنا ہو تو اس کے لیے ایک حصہ کم لیں۔ یعنی دو حصے زیادہ لیں۔ کنوئیں میں ڈالنے والا حصہ اور مکان پر چھڑکنے والا حصہ زیادہ کریں اور مطلوب پر چھڑکنے کا مختصر کریں۔

تسخیر

تسخیر اور محبت کا عمل کیا ہے۔ اگر صاحبا سال کی محنت اور مشقت کے بعد بھی کوئی تسخیر کا عمل ہاتھ آ جائے تو سمجھ لو کہ ہمیں ایک نعمت مفت مل گئی ہے۔ یہ عمل ایک بزرگ سے پہنچا ہوا میرے سینے میں تھا۔ جس کو آج درج کرتا ہوں۔ مگر اس بات پر مجھے یقین ہے کہ یہ عمل بیکار اور بے اثر نہ ہوگا۔

قرآن پاک کے اکیسویں پارہ میں سورہ روم ہے۔ اس کے دوسرے رکوع میں آیت ہے جو من آیتہ خلقکم سے شروع ہو کر یتفکرون پر ختم ہوتی ہے۔ یہ آیت پاک محبت اور تسخیر کے واسطے اکسیر ہے۔ جائز اور قانون شریعت کے مطابق اس سے کام لو۔ اللہ کے حکم سے کامیاب ہو گے۔ اگر کوئی عزیز کوئی دوست کوئی افسر تم سے ناراض ہے تو اس کا نام لکھ کر اپنے سامنے رکھو اور دل کو مطلوب کی طرف رجوع کر کے اس کے نام پر آنکھیں جما کر صدق دل سے یہ آیت ستر مرتبہ پڑھو۔ ہر مرتبہ آیت ختم کر کے اس نام پر پھونکتے جاؤ۔ اول آخر سات سات بار درود شریف پڑھو۔ سات، چودہ یا اکیس دن اس کی میعاد ہے۔ بحکم اللہ اس دوران میں وہ شخص تم سے رجوع کرے گا اور اس کے دل میں تمہاری محبت پیدا ہوگی۔ یہ عمل تنہائی میں بعد نماز عشاء روزانہ کیا کرو۔ درمیان میں ناغہ نہ کرو۔ کسی قسم کا پرہیز نہیں ہے۔ قرآن پاک میں دیکھ کر صحیح آیت لکھو۔ روزانہ ستر مرتبہ پڑھو۔ کم یا زیادہ نہ ہو۔ باوضو ہو کر پڑھا کرو۔ منہ قبلہ کی طرف ہو۔ اس عمل کو کرو۔ اللہ کے حکم سے سات، چودہ یا اکیس دن میں مطلب حاصل ہوگا۔

ایک خاص عمل

اگر آپ گردش سیارگان کے ستائے ہوئے ہیں۔ آپ کی قسمت چکر کھا رہی ہے۔ دنیا کی تکلیفیں آپ کو پریشان کر رہی ہیں۔ مصائب اور نوائب نے آپ کو گھیر لیا ہے تو پہلے اس بات پر ایمان لاؤ کہ سوائے اللہ کے اور کوئی نہیں ہے جو پریشانیوں کو دور کرے اور اس کے پاک کلام سے امداد چاہو۔ قرآن پاک میں ہے کہ اسی کی آس اور وسیلہ لاؤ۔ سب سے بڑا وسیلہ اس کے کلام پاک کا ہے۔ اگر

آپ اس طرح پڑھنا شروع کریں۔ کاف ھا یا عین صاد، کفایتنا حامیم عین، سین، قاف حمایتنا یہ عمل چاند دیکھنے پر اسی رات کو شروع کریں۔ نماز عشاء کے بعد صبح کی نماز تک اس عمل کا وقت ہے۔ اس کے درمیان میں کوئی وقت مقرر کریں۔ پہلے یہ معلوم کریں کہ ابتداء میں ایک گھنٹہ سے زیادہ اس عمل میں صرف ہوگا۔ جب آپ کی زبان پر چڑھ جائے گا تو پھر کم وقت لگے گا۔ یہ عمل روزانہ چار سو بہتر مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ اول آخر درود شریف تین مرتبہ۔ سر برہنہ یعنی ننگا ہو اور کھڑے ہو کر پڑھنا ہوگا۔ اس عمل میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہے۔ آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر پڑھیں۔ سر پر چھت وغیرہ نہ ہو۔ اگر اتفاق سے کسی روز دوران عمل بارش ہونے لگے تو مجبوراً چھتری لگا سکتے ہیں۔ عمل ختم کرنے کے بعد خشوع و خضوع سے اپنے مقصد کے واسطے دعا کریں۔ اکیس دن کا عمل ہے۔ اللہ چاہے تو کامیابی ہوگی۔ یہ عمل مجبوری کے وقت اور بڑے مقصد کے واسطے کریں۔ معمولی مقصد کے لیے نہ کریں۔

ایک عجیب عمل

نماز اشراق مشہور ہے اور احادیث مبارکہ میں اس نماز کی بڑی فضیلت آئی ہے۔ حضور علیہ السلام اکثر یہ نماز پڑھتے تھے۔ صبح کی نماز پڑھ کر جو شخص مسجد یا مصلی پر بیٹھا رہے اور طلوع آفتاب ہو جائے تو دو رکعت نماز نفل اشراق پڑھے تو اس کو ثواب ملتا ہے۔ آفتاب کی سعادت کو شریعت نے بھی تسلیم کیا ہے۔ ایک حدیث شریف میں ہے۔

طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ غَفَلَنَا یَوْمَنَا اس سے واضح ہے کہ طلوع آفتاب کے بعد قبولیت دعا کا وقت ہے اور طلوع شمس کی ساعت نہایت سریع الاثر ہے۔ چونکہ یہ مسئلہ نجوم کا نہیں ہے۔ لہٰذا اس میں کوئی دن تاریخ مقرر نہیں کر سکتا۔ صرف طلوع شمس کی ساعت سے بحث ہے۔

ترکیب یہ ہے کہ جس وقت آفتاب نکلنا شروع ہو تو آپ مشرق کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جاؤ اور گیارہ سو گیارہ مرتبہ اسم اعظم یا مُغْنِیُّ پڑھو۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھو۔ یہ تعداد زیادہ سے زیادہ بائیس منٹ میں ختم ہو جائے گی۔ اس دوران میں آفتاب بھی اس قدر بلند ہو جائے گا کہ نماز اشراق کا وقت آ جائے گا۔ اب اگر مناسب ہو تو دو رکعت نماز نفل اشراق کے بھی پڑھ لو مگر اس عمل اور نماز اشراق سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ عمل ترقی دولت کے واسطے ہے اور نفل ثواب آخرت کے واسطے ہیں۔ کم سے کم چندرہ دن تو اس عمل کو کرو۔ پھر دیکھو کہ خزانہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ اگر آپ کو فائدہ معلوم ہو تو اس اسم اعظم کو پابند کریں عمل کریں یا نہ کریں۔ اللہ کا کبھی کوئی وعدہ خالی نہیں کیا جاتا۔ وہ کبھی خدا کے

پڑھتے رہو۔ جس قدر پڑھو گے، ترقی ہوتی جائے گی۔ عمل اس وقت شروع کرو جب مشرق میں آفتاب طلوع ہو رہا ہو یعنی ابھی آفتاب کا کنارہ دکھائی دیا ہو۔ اگر کسی دن آفتاب کا کنارہ طلوع ہو کر ظاہر ہونے لگا تب بھی عمل کا وقت ہے۔ طلوع ہونے کے قبل سے لے کر آفتاب کے بالکل نکل آنے تک اس عمل کا وقت ہے۔ اگر آفتاب طلوع ہو کر کسی قدر بلند ہو گیا تو پھر وقت نہیں۔ ہمیشہ باوضو ہو کر عمل کریں۔

تعویذ حب

مطلوب کی طبع کیسی ہی بگڑی ہی کیوں نہ ہو مگر جونہی اس تعویذ کو گرمی پہنچے گی تو وہ فوراً بے قرار ہوگا۔ ترکیب یہ ہے کہ اس تعویذ کو کاغذ پر عروج ماہ میں ساعت مشتری میں جمعرات کے دن لکھیں اور کاغذ پر عطر اور شہد مل کر پاک اور نئی روئی میں بتی بنا کر نئے چراغ میں رکھ لیں اور اس میں تل کا تیل ڈال کر چراغ روشن کریں۔ چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف ہو۔ جب تک چراغ روشن ہو وہیں بیٹھے رہیں اور یا ودود کا تعداد ورد کرتے رہیں۔ اسی طرح سات دن کرنے سے مطلوب بے قرار ہوگا۔ تعویذ یہ ہے۔ نوٹ: فلاں بن فلاں کی جگہ نام طالب مع والدہ اور علی حب کے آگے نام مطلوب مع والدہ تحریر فرمائیے۔

۱۶۱ ۱۸ ۱۸ہ ۱۱ ۸ ۰

ک ۱۱ ۹ ع ۱۸ ۱۱

۱۱۱ ۱۹ ا، ۱۹۱ام ۱۱۱ ھ ا

۱۱ ۲۱ لاء و ۹۱ و ۱۱۸ ا

ھ ۹۱ لاء ھ ۲ و ا

۱۸ ۱۱ ع ۱۱ ھ ۱۰ ۸۸

۳۵ الساعۃ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

نام طالب نام مطلوب

تسخیر کامل

یہ عمل ان عملیات میں سے ہے جس کو اسرار سیدہ کہا جاتا ہے۔ آپ قدر کریں

مطلق کو زیبا ہے۔ عمل کو باا ثر بنانا اور بے اثر کر دینا بھی اسی کے حکم کے ماتحت ہے صرف اسی قدر عرض کیا جا سکتا ہے کہ یہ عمل بڑی محنت سے حاصل کیا گیا تھا۔ جب ضرورت کے وقت کیا تو اللہ تعالیٰ نے اثر خاص عطا فرمایا۔ آپ بھی اگر اس عمل کو کریں گے تو بحکم اللہ کامیاب ہوں گے۔ یہ عمل عروج ماہ میں شروع کریں۔ کوئی خاص دن مقرر نہیں ہے اور کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔ البتہ حرام سے، جھوٹ سے اور گالی سے اپنی زبان کو پاک رکھیں۔ ایک بڑی شرط اس میں یہ ہے کہ جس قدر کھانا آپ عمل شروع کرنے سے قبل کھاتے تھے، عمل کرنے کے دن سے اس خوراک کا چوتھا حصہ خیرات کر دیا کریں اور تین حصہ آپ کھایا کریں۔ اب کسی جگہ دعوت ہے یا کھانا بکثرت ہے تو اس حصہ کے عوض کی قیمت خیرات کر دیں۔ لیکن آپ اسی قدر کھائیں جس سے ابھی اشتہا باقی رہے۔ پان، حقہ، سگریٹ، چائے اور مٹھائی وغیرہ اس سے مستثنیٰ ہے۔ صرف کھانے کے متعلق احتیاط ہے کہ آپ اپنے گھر میں اپنی خوراک علیحدہ لے لیا کریں۔ تین حصہ آپ کھائیے اور ایک حصہ خیرات کر دیجئے۔ اگر ایسا موقع ہے کہ آپ اپنی خوراک علیحدہ نہیں کر سکتے تو اندازے سے تین حصہ کھائیے۔ یعنی ابھی بھوک باقی ہو تو آپ کھانا ختم کر دیں اور اندازے سے حصہ چہارم کی قیمت کسی فقیر کو دے دیں۔ یہ عمل چالیس دن کا ہے مگر چالیس دن کبھی پورے نہیں ہوتے اور درمیان ہی میں کامیابی ہو جاتی ہے۔ جب کامیابی ہو جائے تو عمل بند کر دیں۔ عمل تنہائی میں اور رات کے کسی حصہ میں پڑھا کریں۔ کوئی عزیز ناراض ہے، دوست خفا ہے، افسر غصہ میں ہے یا کسی کے دل میں اپنی جائز محبت پیدا کرنا چاہتے ہیں تو یہ عمل کریں۔ روزانہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھا کریں۔ اعتقاد اور خلوص سے کریں۔ آپ کو انشاء اللہ تعالیٰ ناکامی نہ ہوگی۔ عمل یہ ہے۔ اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف اللھم سخر قلب فلاں بن فلاں (نام مطلوب مع والدہ) کما سخرت الحدید لداؤد علیہ السلام اللھم سخر قلب فلاں بن فلاں کما سخر البحر لموسیٰ اللھم سخر قلب فلاں بن فلاں کما سخرت القمر لمحمد صلی اللہ علیہ وسلم یا ودود، یا ودود یا ودود فلاں بن فلاں کی ہر جگہ ہر مرتبہ مطلوب کا نام مع والدہ کے لیں۔ اگر مجبوری سے مطلوب کی والدہ کا نام معلوم نہ ہو سکے تو صرف مطلوب کا نام لیں۔

عمل خاص

حب و تسخیر کے عمل میں جو موکل کام کرتے ہیں وہ بہت نرم دل ہوتے ہیں۔ ان میں نیکی، صفائی اور محبت کا عنصر ہوتا ہے، اس لیے ان عملیات کا اثر دیر میں ہوتا ہے۔ برخلاف عمل عداوت کے موکل ناری ہوتے ہیں اور بہت جلد مشتعل ہو جاتے ہیں۔ جن دو ذاتوں کا ناجائز طریق پر میل ملاپ ہو یا ان کے ملاپ سے آپ کو نقصان پہنچتا ہو تو یہ عمل سیف قاطع ہے۔ تین دن میں اس کا پورا اثر ہوتا ہے۔ جس شخص کا انتقال سنیچر یا منگل کے دن ہوا ہو تو بعد دفن کی قبر پر جاؤ۔ ایک موم بتی اور ماچس اپنے ساتھ لے جاؤ۔ سورج ڈھلنے کے بعد سے سورج نکلنے تک اس کا وقت ہے۔ اس موم بتی کو نصف قبر میں گاڑ دو اور نصف اوپر رہنے دو۔ اب اس کو جلا دو اور تم مشرق کی طرف بیٹھ کر یہ عمل پڑھنا شروع کرو۔

یا مفرق، کما فرقت بین النور و الظلمۃ

عمل پڑھنے کی کوئی تعداد مقرر نہیں ہے۔ برابر پڑھتے رہو یہاں تک کہ نصف بتی جل جائے اب اسے بجھا کر بچا ہوا نصف بتی اپنے ساتھ لے آؤ۔ یہ اس عمل کی زکوٰۃ ہے۔ نصف موم بتی اپنے پاس احتیاط سے رکھو۔ یہ نصف سیف قاطع ہے جس سے ہر رشتہ دو ٹکڑے ہو سکتی ہے۔ جن دو شخصوں میں میل ملاپ ہو تو دونوں کے ناموں کے حرف جدا جدا کر کے ایک کاغذ پر لکھو۔ پہلے نقش مربع بناؤ اور اس نقش کے گرد اگرد دونوں ناموں کے حروف لکھ دو اور یہ کاغذ اس موم بتی پر لپیٹ کر دھاگے سے باندھ دو اور موم بتی کو جلا دو اور اوپر والا عمل 33 مرتبہ پڑھو۔

مگر فرق کے بعد ناموں کا اضافہ کرنا ہوگا۔ اور اب عمل اس طرح پڑھنا ہوگا۔ یا مفرق فرق بین فلاں فلاں ان دونوں کے نام لو کما فرقت بین النور و الظلمۃ و بالو بغضب علی غضب ۳۳ بار پڑھ کر بتی بجھا دو۔ اسی طرح تین دن عمل کرو۔ یہ آدھی بتی تین ماہ تک کام دے گی۔ جب ضرورت ہو اس سے کام لو۔

عمل حب

کوئی شخص آپ سے ناراض ہے اور اس کی ناراضگی آپ کو شاق ہے یا اس کی ناراضگی سے آپ کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ تو اس عمل سے اللہ چاہے تو وہ آپ سے راضی ہو جائے گا اور آپ کی طرف توجہ کرے گا۔ یہ تعویذ عروج ماہ میں جمعرات کے دن سورج طلوع ہونے سے ایک گھنٹہ تک ایک کاغذ پر لکھیں اور اس کی بتی بنا کر بتی روئی اوپر سے لپیٹیں۔ اب اس بتی کو شہد میں تر کر کے ذرا سا عطر بھی ملا لیں اور نئے چراغ میں رکھ کر اس چراغ کو قدرے تلی (تل) کا تیل ڈال کر اس بتی کو روشن کر دیں۔ بتی کا منہ خانہ مطلوب کی طرف ہو۔ جب تک بتی روشن ہو آپ وہاں بیٹھے ہوئے بے تعداد ورد اسم اعظم یا ودود پڑھتے رہیں۔ یہاں تک کہ وہ تمام بتی ختم ہو جائے۔ اسی طرح سات دن تک یہ عمل کریں اور روزانہ ساعت مشتری

میں کیا کریں۔ اس کا حساب یہ ہے کہ پہلے دن سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک مشتری کی ساعت ہے۔ جمعہ کے دن چار گھنٹے کے بعد پانچواں گھنٹہ مشتری کی ساعت کا ہے۔ سنیچر کے دن نواں گھنٹہ، اتوار کے دن چھٹا گھنٹہ، پیر کے دن تیسرا گھنٹہ، منگل کے دن ساتواں گھنٹہ اور بدھ کے دن چوتھا گھنٹہ۔ یہ واضح رہے کہ عمل ایک گھنٹے کے اندر شروع دیں۔ ختم چاہے کسی وقت ہو۔ تلی کا تیل زیادہ تعداد میں نہ ڈالیں۔ اس قدر کافی ہے کہ بتی تر ہو جائے۔ اس عمل کو جائز جگہ پر کریں۔ اس کو قاعدے سے کریں گے اور صحیح لکھیں گے تو بے اثر نہ ہوگا۔

٦١ ١٨ ١٨ ھ ١١ ٨

ک ١١ ٩ ج ٨ ١١

١١١ ١٩ ا و ١٩١ و ١١١ ھ ١

١١ ٢١ ١١ لاو ، ٩١ و ١١٨ ھ ١١

ھ ٩١ لاو ھ ٢ و ١

١٨ ١١ و ١١ ھ ٨١ ٨

٣٥ السامیہ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

نام طالب نام مطلوب

نقش حب سورۃ اخلاص

حب دوستی تسخیر کے لیے سورہ اخلاص کا نقش چار طرح پر کیا جاتا ہے۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ ایک نقش مع عزیمت لکھ کر انار کے درخت کی بلند شاخ پر لٹکائیں۔ جب نقش ہوا سے ہلے گا تو مطلوب بے قرار ہوگا۔ دوسرے یہ کہ ایک نقش مع عزیمت لکھ کر صحرا میں دفن کر دیں۔ تیسرے یہ کہ ایک نقش کو مع عزیمت لکھ کر دریا میں بہا دیں۔ چوتھے یہ کہ ایک نقش کو مع عزیمت لکھ کر اور فلیتہ بنا کر چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کر کے ۲۱ روز تک بلا ناغہ روشن کریں۔ جب تک بتی جلتی رہے، محبوب محبت میں بے قرار رہے۔ نام اعداد مطلوبہ اور اعداد سورۃ اخلاص کے وقت مقررہ پر مقررہ جگہ میں عزیمت کو ہر روز پڑھتے رہیں۔ اس عمل کو عروج ماہ میں اول جمعرات کو کریں۔ تعویذ لکھتے وقت منہ میں قدرے مصری رکھیں۔ لعاب دہن اس کا زمین پر نہ ڈالیں بلکہ نگلا کریں۔ نقش کے لکھتے وقت کسی آدمی سے گفتگو نہ کریں۔ اگر ضرورت ہو کہ مرد عورت کی تسخیر کرے تو تعویذ کے نیچے پہلے عورت کا نام اور بعد میں مرد کا نام لکھیں۔ اگر عورت مرد سے محبت رکھے تو نام مرد کا عورت سے پہلے لکھیں۔ یہ طریقہ تمام تعویذوں میں جاری رکھیں جو دریا میں ڈالتے ہیں یا جلاتے ہیں۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ محبت کا تعویذ دائیں ران پر رکھ کر لکھا جائے۔ نقش زعفران سے لکھنا چاہیے۔ نقش لکھتے وقت اور عزیمت پڑھتے وقت مطلوب کا تصور رکھیں۔

ترتیب عمل کی اس طرح کریں کہ رات کو چار نقوش لکھیں۔ ایک اگلے دن درخت پر لٹکانے کے لیے رکھ دیں۔ ایک صحرا میں دفن کرنے کے لیے اور ایک دریا میں بہانے کے لیے اور ایک کی بتی بنا لیں۔ اس کو شہد یا روغن چنبیلی میں ڈال کر جلائیں اور سامنے بیٹھ کر تصور مطلوب سے عزیمت پڑھیں۔ اسی طرح ہر رات کریں۔ ۲۱ دن میں مطلوب ہر طرح سے حاضر ہوگا۔ پر تاثیر عمل ہے۔ عزیمت یہ ہے۔

اجب یا جبرائیل بحق قل ھو اللہ احد اجب یا میکائیل بحق اللہ الصمد اجب یا اسرافیل بحق لم یلد ولم یولد اجب یا عزرائیل بحق ولم یکن لہ کفوا احد

اجب یا جبرائیل بحق قل ھو اللہ احد

اجب یا میکائیل بحق اللہ ھو الصمد

قل	ہو	اللہ	احد
اللہ	الصمد	لم	یلد
ولم	یو	لد	ولم
یکن	لہ	کفوا	احد

اجب یا جبرائیل بحق قل ھو اللہ احد

اجب یا میکائیل بحق اللہ ھو الصمد

عملِ حب

اس نقش کو مرغی کے انڈے پر لکھ کر مطلوب کے مکان میں دفن کر دیں اور نقش کے نیچے نام مطلوب مع والدہ اور نام طالب مع والدہ تحریر کریں۔ یہ نقش انڈے پر ہی لکھیں۔ کسی خاص قلم و دوات کی ضرورت نہیں ہے۔ عروج ماہ میں یعنی چاند کی پہلی تاریخ سے ۱۳ تاریخ تک کسی دن یہ نقش لکھیں۔ جمعرات یا جمعہ زیادہ افضل ہے۔ طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ تک کر لیا جائے۔ لیکن مطلوب کے مکان پر دفن کرنے کا مسئلہ بڑا پیچیدہ ہے۔ ہر شخص مطلوب کے مکان تک نہیں پہنچ سکتا۔ لہٰذا اگر مطلوب کے مکان تک پہنچنا ناممکن ہو تو پھر اس انڈے کو جنگل میں پاک زمین میں گڑھا کھود کر دفن کر دیں۔ یہ نقش بے کار نہیں جاتا، ضرور مطلوب کے دل میں جذبات محبت پیدا ہوتے ہیں۔

لا۱۱۹	۹/۴	۹۲۸	یااللہ
لا۹۲۸	۹/۲	۹۲۸	یااللہ
لا۹۷	۹/۸	۲۲۸	یااللہ

کبریت احمر

یہ عمل محبت وتسخیر کے لیے کبریت احمر ہے۔ اللہ چاہے تو آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے بشرطیکہ نیت حرام نہ ہو۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ بروز جمعہ کو سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک اس عمل کا وقت ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ اکتالیس عدد فلفل سیاہ "کالی مرچ" لے کر ہر دانہ پر اکتالیس مرتبہ یہ عمل پڑھ کر آگ میں ڈالتے جائیں۔

یا ودود بحق اللہ الصمد سخر سخر قلب فلاں بن فلانہ فلاں بن فلانہ کی جگہ نام مطلوب مع والدہ کے لیں۔ اکتالیس دانے اور ہر دانہ پر اکتالیس مرتبہ یہ عمل پڑھیں۔ اسی طرح تین دن کریں یعنی جمعہ، سنیچر، اتوار لیکن سورج نکلنے کا وقت پہلے ہی دن ہے۔ دوسرے دن جب فرصت ملے تو اس عمل کو کریں۔ باقی دو دن میں کسی خاص وقت کی پابندی نہیں ہے۔ اللہ چاہے تو تین دن میں مطلوب بے قرار ہوگا۔

حب کے لیے نادر چٹکلہ

باہمی جائز محبت کے لیے ذیل کا عمل نہایت مجرب ہے اور کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔ انشاء اللہ تیر کی طرح کام کرے گا۔ یقینا کامیاب ہوں گے۔ ۴۱ دانے سرسوں کے احتیاط سے گن کر ایک کاغذ پر رکھ لیں اور پھر اکتالیس مرتبہ ذیل کی آیت شریف پڑھ کر اس سرسوں پر دم کریں اور سرسوں مطلوب کے گھر میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں کامیابی ہوگی مگر اصل معیاد اکتالیس دن کی ہے۔

سرسوں روز پڑھی جائے گی اور روزانہ ڈالی جائے گی مگر یہ یاد رکھیں کہ جائز محبت میں کامیابی ہوگی۔ یعنی میاں بیوی میں ناچاقی ہے، بھائی بھائی میں رنجش ہے یا آپس میں کوئی جھگڑا وغیرہ۔ ہر جائز کام میں اس کو کریں۔

آیت شریف یہ ہے۔ یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموت والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان یہ عمل عروج ماہ میں شروع کریں۔

عمل حب

یہ مشاہدہ ہے کہ بعض اوقات بڑے بڑے عملیات سے زیادہ کام دے جاتا ہے اور بے اثر تو ہوتا ہی نہیں ہے۔ کم و بیش اثر ضرور ہوتا ہے۔ اگر کوئی عزیز آپ کا ناراض ہے یا میاں بیوی میں ناراضگی ہے یا کوئی افسر ناراض ہو تو اس عمل کو کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی محبت ہوگی۔ ناجائز اور حرام کام کے واسطے ہرگز نہ کریں۔ ترکیب یہ ہے کہ سورج طلوع ہونے سے قبل پاک صاف ہو کر یہ عمل روزانہ چالیس مرتبہ پڑھیں۔ صرف چار دن کا عمل ہے۔ انشاء اللہ صرف چار دن میں وہ ناراض شخص راضی ہو جائے گا اور اس کے دل میں عامل کی محبت ہوگی۔ اگر پہلے چار دن میں خاص اثر نہ ہو تو ایک دن ناغہ کر کے پھر چار یوم کریں۔

بحرمت جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل و توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و قرآن محمد ﷺ قلب فلاں فلاں (نام مطلوب) الی

محبت کا عجیب نقش

اگر کوئی آپ سے ناراض ہے۔ آپ راضی کرتے ہیں اور وہ راضی نہیں ہوتا تو یہ نقش روزانہ بیس عدد لکھا کریں اور درمیان کے خانہ میں جو بڑا بنایا جائے۔ یہ آیت پاک لکھا کریں۔

ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ اللہ کے حکم سے ۲۰ دن میں وہ راضی ہی نہیں بلکہ آپ کا عاشق بن جائے گا۔ نقش اسی طرح لکھیں اور درمیان کے خانے میں آیت شریف اور اس شخص کا نام لکھیں گے۔ نقوش زمین میں دفن کر دیا کریں۔

۳۰	۱۶۰	۲۰
۱۰۰	ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ نام مطلوب	۱۳۰
۱۲۰	۸۰	۴۰

محبت کی بجلی

ارباب ضمائر پر مخفی نہیں ہے کہ ابجد ۲۸ حروف تین قسم کے ہیں، زوج الزوج، زوج الفرد اور فرد الفرد۔ زوج الزوج ان کو کہتے ہیں کہ جو ٹکڑے کرنے میں آخر تک زوج ہی رہتے ہیں۔ زوج الفرد اسے کہتے ہیں کہ ابتدا میں تو زوج ہو مگر ٹکڑے کرنے میں فرد ہو جائے۔ جیسے ۲۰، اس کا نصف ۱۰ اس کا نصف پانچ۔ فرد الفرد اسے کہتے ہیں کہ جو ابتدا ہی سے فرد ہو جیسے ۹۔ یہاں علمائے عملیات کے دو گروہ ہیں۔ ایک گروہ کا قول ہے کہ جنس کو جنس سے محبت ہے یعنی چار کو چار سے اور تین کو تین سے اور اپنے غیر جنس سے عداوت ہے یعنی تین کو چار سے۔ دوسرے کی تحقیق یہ ہے کہ حروف زوج الزوج میں فطرتی محبت ہے اور میں اسی قول کو زیادہ معتبر مانتا ہوں اور تجربے سے اس کو بہت بااثر پایا۔ اب معلوم ہو کہ حروف زوج الزوج صرف تین ہیں ب، ذ، ح اور اس وقت ان ہی کا بیان کرتا ہوں۔ باقی اقسام پھر بیان کروں گا۔ ان تینوں حرفوں کے اعداد چودہ ہیں۔ حروف اپنے باطن میں روح محبت پوشیدہ کئے ہوئے ہیں۔ ان حروف میں ایک مقناطیسی قوت ہے اور جذبہ قلب کا خاص اثر ہے۔ یہ تین حروف خزانہ محبت کی کنجیاں ہیں۔ جائز محبت کے واسطے اس سے کام لیں۔ آپ کا کوئی عزیز ناراض ہے، کوئی دوست غصہ میں ہے یا میاں بیوی میں ناچاقی ہے تو بحکم اللہ اس عمل سے بہت فائدہ ہوگا۔ محبت متقاضی ہے مگر ناممکن نہیں۔ اس زمانے میں ناممکن اس لیے کہا جاتا ہے کہ لوگ محنت کرنے سے جی چراتے ہیں اور عام طریق پر ایسا عمل چاہتے ہیں کہ کوئی محنت نہ کرنا پڑے اور دو تین دن میں خاص اثر ہو جائے۔ ہاں ایسا بھی ممکن ہے مگر جب عامل بن جائیں۔ ترکیب یہ ہے کہ زعفران کی سیاہی بنائیں اور قلم کسی لکڑی کا بنائیں۔ لوہے کا قلم نہ ہو اور روزانہ ایک سو پانچ نقش لکھ کر اور اس کی گولیاں بنا کر آٹے میں لپیٹ کر ایسے پانی میں ڈال دیں جس میں مچھلیاں ہوں۔ اگر ایسا پانی قریب نہیں ہے تو زمین میں دفن کر دیا کریں۔ روزانہ لکھے ہوئے نقوش روزانہ ہی پانی میں ڈالنے یا دفن کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ کئی دن کے جمع کر کے بھی ڈال سکتے ہیں۔ نقوش لکھنا شروع کرنے کی کوئی تاریخ یا دن مقرر نہیں ہے نہ روزانہ لکھنے کے واسطے کسی خاص وقت کی قید ہے۔ دن رات میں کسی وقت لکھ لیا کریں مگر ناغہ نہ ہو۔ اگر ناغہ ہوگا تو پھر سرے سے لکھنے ہوں گے۔ چودہ دن تک روزانہ ایک سو پانچ ۱۰۵ نقش لکھنے ہیں۔ یہ عمل اس کی زکوٰۃ ہے۔ جو صاحب زکوٰۃ ادا کر لیں گے وہ اس نقش کے عامل ہوں گے۔ اب جو شخص ناراض ہو تو اس کے لیے ایک نقش لکھ کر نقش کے نیچے اس کا نام معہ والدہ کے لکھ کر کسی وزنی چیز سے دبا دیں۔ جیسے بھاری پتھر یا لوہے کی کوئی بھاری شے۔ اللہ چاہے تو تین دن میں وہ شخص راضی ہو جائے گا اور محبت کرے گا۔ یہ عمل محبت کے واسطے اکسیر ہے۔ نقش یہ ہے

نقش

۲۱	۱۴	۱۹
۱۶	۱۸	۲۰
۱۷	۲۲	۱۵

حب کے مجرب وظائف

دل کبوتر ہو رہا ہے گھیر پڑا یسین کا
میرا اجن میل دے صدقہ محی الدین کا
یا کریم وکرم کر یا رحیم ور حم کر
سخت دل کو نرم کر یا غوث اعظم دستگیر
میری فریاد میری فریاد میری فریاد

ترکیب

صبح کے وقت جب سورج اندر باہر ہو یا شام کے وقت جب سورج اندر باہر ہو تو چلتے پانی پر یعنی نہر کے کنارے یا دریا کے کنارے کھڑے ہو کر اور اپنا منہ سورج کے طرف کر کے اپنے معشوق کی شکل کو ایسا تصور کرے کہ یہی معلوم ہو کہ جیسا وہ آنکھوں کے سامنے موجود ہے اور گیارہ دفعہ درود شریف پڑھ کر سات سو دفعہ یہی وظائف پڑھے اور بعد ختم وظائف کے پھر درود شریف گیارہ دفعہ پڑھے۔ یہ وظائف چاند کی پہلی جمعرات کو شروع کرے اور دوسری جمعرات سے پہلے ختم ہو جائے۔ یعنی سات روز تک روز پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ معشوق سے واصل ہو اور اپنی مراد کو پہنچے آزمودہ ہے۔

پرہیز۔ پیاز لہسن گوشت وغیرہ۔

حب کے بے نظیر وظائف

دل کبوتر ہو رہا ہے گھیر اپنا یسین کا
میرا اجن ملا دے صدقہ محی الدین کا
یا کریم وکرم کر یا رحیم ورحم کر
سخت دل کر نرم کر یا غوث اعظم دستگیر

ترکیب

صبح وشام کے چلتے پانی پر ہوش پر بیٹھ کر پہلے اپنے معشوق کی شکل کو اپنے

سامنے حاضر کرے اور پچاس دفعہ درود شریف پڑھ کر دو سو پچیس مرتبہ یہ وظائف پڑھے اور بعد میں پچاس دفعہ درود شریف پڑھے۔ چالیس دن تک یہ وظائف پڑھے۔ کام تو اکیس دن میں ہو جائے گا مگر معیاد چالیس دن کی ہے۔ چاند کی پہلی جمعرات کو شروع کرے تو آزمودہ ہے۔ پرہیز پیاز' لہسن اور گوشت کا ہے۔

حب کے مجرب وظائف

کاڈہواں کاڈ کماواں دل رکھ تل پہاڑاں
اچے سے دیکھ ندانی خبر رکھ انہاں یاراں
نگہ کیتی انہاں یاراں اد عظمی سر پھراں
ہائی آئی تیراں بھر پورا آئی پاک گی تیتی

بسمہ اللہ الرحمن الرحیم

اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمد رسول اللہ اللہ ایک ہے اور محمد برحق۔ بعد نماز عشاء کے اکیلی جگہ جہاں کوئی نہ جائے بیٹھ کر اپنے معشوق کی شکل حاضر کرے۔

پُرتاثیر عمل حب

یحبونھم کحب اللہ والذین امنو اشد حب اللہ

اس آیت شریف کو چاند کی پہلی جمعرات کے بعد نماز شام پانچ سو دفعہ ہر روز اکتالیس دن تک اول اور آخر درود شریف پچاس دفعہ پڑھے یا تین بجے صبح کو اٹھ کر شروع کرے اور صبح کی نماز سے پیشتر ختم کرے۔ بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ پرہیز گوشت' پیاز' لہسن وغیرہ کا ہے۔

محبت کے واسطے

درود شریف ۱۰۰ بار یحبونھم کحب اللہ و الذین امنو اشد حب للہ اکتالیس بار درود شریف ۱۰۰ بار

